
# NYC HEALTH+ HOSPITALS

# مالیاتی معاونت



## کیا مجھے دستاویزات فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی؟

آپ کو دستاویزات فراہم کرنے کا کہاجائے گا اور اس کا انحصار اس پر ہے کہ آپ کس کے لیے اہل ہیں۔ مندرجہ ذیل زمروں میں سے ہر ایک کے لیے دستاویز فراہم کرنے کے لیے تیار رہیں۔ اگر آپ خود آکر درخواست دے رہے ہیں ، تو براہِ مہربانی یہ دستاویزات اپنے ہمراہ لے آئیں۔ اگر آپ فون پر درخواست دے رہے ہیں، تو آپ سے ان دستاویزات کو MyChart پر اپ لوڈ کرنے یا پھر آپ کی اپائنٹمنٹ کے دوران ان کو پیش کرنے کا کہاجائے گا۔ اگر آپ کے پاس بعض دستاویزات نہیں ہیں تو پریشان مت ہوں! ہم آپ کی مدد کریں گے۔

| دستاویزات کا زمرہ | قابلِ قبول دستاویزات کی مثالیں |
|---|---|
| شناخت کا ثبوت | ڈرائیور کا لائسنس یا پھر غیر ڈرائیور کا شناختی کارڈ، نیویارک کا شناختی کارڈ، پاسپورٹ، دوسرے ملک کا شناختی کارڈ، گرین کارڈ یا ورک پرمٹ، نچرلائیزیشن سرٹیفکٹ، ویزا، اسکول کا شناختی کارڈ، شادی کا سرٹیفیکٹ، پیدائش کا سرٹیفیکٹ، EBT یا CBIC کا کارڈ |
| آمدنی کا ثبوت | تنخواہ کی رسیدیں(گزشتہ 4 ہفتوں کی) ، ملازمت کا لیٹر، پنشن/SSI/ان امپلائمنٹ اسسٹنس اوارڈ لیٹر/چیک |
| پتہ کا ثبوت | پوسٹ مارک کردہ لفافہ، یوٹلٹی بلز (گزشتہ 90 یوم کے)، کرائے کا معاہدہ،رہن کا بیان |
| بیمہ کی اہلیت کی تعیناتی کا دستاویز | New York State of Health Marketplace کے ذریعے کسی دوسرے ادارے کے اسسٹر کی جانب سے یا خود آپ نے اپنے بیمے کی اہلیت کی اسکرین کرلی ہے تو اتعیناتی کے دستاویز کی ایک نقل پیش کریں |

## اگر بیمہ صحت کی کوریج کی اطلاع کا انتظار کرتے ہوئے مجھے بل موصول ہو تو میں کیا ہوگا؟

اگر آپ نے بیمہ صحت کے لیے درخواست دی ہو، تو آپ کی درخواست پر نظرِثانی کیے جانے کے دوران آپ کو بل کی ادائیگی کا نہیں کہا جائے گا۔ اگر آپ کو بل موصول ہو، تو آپ کو ہم سے رابطہ کرنا چاہیے اور مالیاتی مشیر سے بات کروانے کی درخواست کرنی چاہیے جو اس سلسلے میں آپ کی معاونت کرے گا۔

## میں کس طرح درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟

صحت کے بیمہ میں شامل ہونے یا مالی معاونت کے لیے درخواست دینے کے سلسلے میں ہمارے مالیاتی کاؤنسلر آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ مالیاتی کاؤنسلر سے بات کرنے کے لیے اس نمبر 1-844-692-4692 پر کال کریں اور اس کے بعد 3 کا انتخاب کریں۔

NYC CARE Your Key to the City's Health Care

NYC HEALTH+ HOSPITALS

مزید جاننے
اور اندراج کروانے کے لیے کال کریں
1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

nyccare.nyc

رابطے میں رہیں۔ ہمیں فالو کریں۔

NYC Health + Hospitals ہر ایک کے لیے صحتِ عامہ کی دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں۔ ہم تمام مریضوں بشمول غیر اندراج کردہ افراد کے حقوق اور رازداری کا احترام کرتے ہیں۔ ہم انگریزی نہ بولنے والے افراد کی بھی معالجین اور عملے کے دیگر ارکان سے بات چیت میں مدد کرتے ہیں۔ ہمارا عملہ بہت سی زبانوں کا حامل ہے بشمول البانوی، عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیٹین کریول، ہندی، کوریائی، پولش، روسی، ہسپانوی، اور اردو۔ ترجمے کی خدمات بھی دستیاب ہیں۔ آپ اپنی زبان میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

NYC CARE Your Key to the City's Health Care

NYC HEALTH+ HOSPITALS

## کوئی بیمہ صحت نہیں ہے؟
## فکرمند نہ ہوں، ہم آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔

معیاری اور سستی صحتِ عامہ کی دیکھ بھال کی سہولیات کا حصول آپ کا حق ہے۔ اس اعلی معیار دیکھ بھال کو اپنی پہنچ میں بنانے کا بہترین طریقہ بیمہ صحت میں اپنا اندراج کروانا ہے۔ ہم آپ کو دستیاب انتخابات کی وضاحت اور آپ اور آپ کی فیملی کے لیے موزوں ترین پلان میں اندراج کے لیے مدد دے سکتے ہیں۔ اگر آپ ان مفت یا کم قیمت بیمہ صحت کے دستیاب پلانز میں سے کسی ایک کے بھی اہل نہ ہوں یا ان کی ادائیگی نہ کرسکتے ہوں، و آپ ہمارے مالیاتی معاونت کے پروگراموں میں سے کسی ایک — *NYC Care* یا *Options* — کے اہل قرار پاسکتے ہیں جوکہ ہماری صحتِ عامہ کی دیکھ بھال کی خدمات کو آپ اور آپ کی فیملی کی پہنچ میں بناتا ہے۔

### میں دستیاب انتخابات کے بارے میں کیسے معلوم کرسکتا/سکتی ہوں؟

سب سے پہلے، NYC Health + Hospitals کے مالیاتی مشیر سے بات کریں جو مفت یا کم قیمت بیمہ صحت میں آپ اور آپ کی فیملی کے اندراج میں آپ کو مدد دے سکتا ہے بشرطیکہ آپ اس کے اہل ہوں۔ ہمارے مالیاتی مشیر یہاں موجود ہیں جو ایسے مختلف نوعیت کے بیمہ صحت کے منصوبوں میں سے انتخاب کے لیے آپ کی مدد کرسکتے ہیں جن کا آپ استحقاق رکھتے ہوں۔ اگر آپ بیمہ صحت کے کسی پلان کے لیے اہل نہ ہوں، بیمہ کی کوریج پہنچ میں نہ ہو، یا طبی نگہداشت کی ادائیگی کے لیے رقم نہ ہو، تو آپ ہمارے کسی ایک مالیاتی معاونت پروگرام کے اہل قرار پاسکتے ہیں۔

*NYC Care* کی سہولت ان لوگوں کے لیے دستیاب ہے جو بیمہ صحت کے اہل نہ ہو یا اس کے لیے رقم نہ ہو اور چھ یا زائد ماہ کے لیے نیویارک شہر میں قیام کرچکے ہوں۔

*Options* ایسے افراد کے لیے دستیاب ہے جو بیمہ صحت کے اہل نہ ہو یا اس کے لیے رقم نہ ہو اور نیویارک شہر میں رہتے ہوں یا یہاں کا دورہ کرتے ہوں۔ *Options* ایسے افراد کی مدد کرتے ہیں جو Nassau کاؤنٹی میں رہتے ہوں یا یہاں کا دورہ کرتے ہوں اور Queens میں ہمارے اسپتال اور صحت کے مراکز استعمال کرتے ہوں۔ *Options* ایسے افراد کی بھی مدد کرتے ہیں جو Westchester کاؤنٹی میں رہتے ہوں یا یہاں کا دورہ کرتے ہوں اور Bronx میں ہمارے اسپتال اور صحت کے مراکز استعمال کرتے ہوں۔

### بیمہ صحت اہم کیوں ہے؟

کوئی بھی زخمی یا بیمار ہونا نہیں چاہتا؛ لیکن غیرمتوقع طبی حادثے رونما ہو ہی جاتے ہیں۔ بیمہ صحت کا پلان موجود ہونے سے ایسے غیرمتوقع اخراجات کی ادائیگی میں مدد مل جاتی ہے، جیسے کہ جاری بڑے طبی بل اور تشخیصی ادویاء، ساتھ ہی یہ آپ کو ذہنی سکون فراہم کرتا ہے۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ بیمہ صحت کے حامل افراد کو ایسی حفاظتی نگہداشت کے حصول کا بھی امکان زیادہ ہوتا ہے جس کی انہیں اور ان کی فیملی کو صحت مند رہنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

### مجھے کتنی ادائیگی کرنا ہوگی؟

ہمارے پاس بیمہ صحت کے بہت سے مفت یا کم قیمت پلانز دستیاب ہیں۔ ہم انتخاب کے لیے دستیاب ان پلانز کے بارے میں آپ سے بات کر سکتے ہیں۔ اگر آپ بیمہ صحت کے اہل نہ ہوں اور مالیاتی معاونت کے مستحق قرار پائیں، تو آپ کو صرف اتنی ادائیگی کرنا ہوگی جو آپ آسانی سے کر سکیں۔ اگلے صفحے پر موجود چارٹ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو ہمارے کسی ایک مالیاتی معاونت کے پروگرام کے تحت کتنی ادائیگی کے لیے کہا جاسکتا ہے۔ معالج سے معائنے کے لیے آپ کی فیس $0 کی حد تک کم ہو سکتی ہے۔

### درخواست دینے کے لیے مجھے کس چیز کی ضرورت ہوگی؟

آپ سے اپنی اور اپنی فیملی کے بارے میں اور آمدنی سے متعلق معلومات حاصل کی جائیں گی۔ ہم آپ کو ایسے مختلف نوعیت کے بیمہ صحت کے منصوبوں اور مالیاتی معاونت کے پروگرامز میں سے انتخاب کے لیے مدد فراہم کرسکتے ہیں جن کا آپ استحقاق رکھتے ہوں۔ یہ ایک محفوظ درخواست ہوتی ہے اور کسی بھی معلومات کا اشتراک امیگریشن کے اہلکاروں سے نہیں کیا جاتا۔

جاری ہے

### مرحلہ 1:
اپنے گھرانے کا حجم معلوم کریں (براہِ کرم اپنے ساتھ رہنے والے تمام بالغ افراد اور بچوں کو شامل کریں)۔

### مرحلہ 2:
اس کے بعد، اُس رقم کا حساب لگائیں جو آپ نے سال بھر میں کسی ایک سطح میں ادا کی۔

### مرحلہ 3:
اس کالم کو نیچے دیئے گئے چارٹ تک ملاحظہ کریں جس سے آپ کو یہ معلوم ہوگا کہ آپ کے گھرانے کے افراد کی تعداد اور آمدنی کے مطابق آپ کو کلینک میں آمد، ہنگامی امدادی کمرے میں آمد، اور اسپتال میں قیام کے لیے کتنی ادائیگی کرنے کا کہا جائے گا۔

| غربت کی وفاقی سطحیں | 100% FPL | 101 - 125% FPL | | 126 - 150% FPL | | 151 - 200% FPL | | 201 - 250% FPL | | 251 - 300% FPL | | 301 - 350% FPL | | 351 - 500% FPL | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھرانے کے افراد کی تعداد | سے کم | سے زیادہ | سے کم | سے زیادہ | سے کم | سے زیادہ | سے کم | سے زیادہ | سے کم | سے زیادہ | سے کم | سے زیادہ | سے کم | سے زیادہ | سے کم |
| 1 | 13,590 | 13,591 | 16,988 | 16,989 | 20,385 | 20,386 | 27,180 | 27,181 | 33,975 | 33,976 | 40,770 | 40,771 | 47,565 | 47,566 | 67,950 |
| 2 | 18,310 | 18,311 | 22,888 | 22,889 | 27,465 | 27,466 | 36,620 | 36,621 | 45,775 | 45,776 | 54,930 | 54,931 | 64,085 | 64,086 | 91,550 |
| 3 | 23,030 | 23,031 | 28,788 | 28,789 | 34,545 | 34,546 | 46,060 | 46,061 | 57,575 | 57,576 | 69,090 | 69,091 | 80,605 | 80,606 | 115,150 |
| 4 | 27,750 | 27,751 | 34,688 | 34,689 | 41,625 | 41,626 | 55,500 | 55,501 | 69,375 | 69,376 | 83,250 | 83,251 | 97,125 | 97,126 | 138,750 |
| 5 | 32,470 | 32,471 | 40,588 | 40,589 | 48,705 | 48,706 | 64,940 | 64,941 | 81,175 | 81,176 | 97,410 | 97,411 | 113,645 | 113,646 | 162,350 |
| 6 | 37,190 | 37,191 | 46,488 | 46,489 | 55,785 | 55,786 | 74,380 | 74,381 | 92,975 | 92,976 | 111,570 | 111,571 | 130,165 | 130,166 | 185,950 |
| 7 | 41,910 | 41,911 | 52,388 | 52,389 | 62,865 | 62,866 | 83,820 | 83,821 | 104,775 | 104,776 | 125,730 | 125,731 | 146,685 | 146,686 | 209,550 |

| | 100% FPL | 101 - 125% FPL | 126 - 150% FPL | 151 - 200% FPL | 201 - 250% FPL | 251 - 300% FPL | 301 - 350% FPL | 351 - 500% FPL |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بالغ افراد کے لیے کلینک آمد | $0 | $2 | $3 | $20 | $30 | $40 | $50 | $50 |
| بچوں یا حاملہ خواتین کے لیے کلینک آمد | $0 | $0 | $0 | $20 | $30 | $40 | $50 | $50 |
| رویہ جاتی صحت کے کلینک میں آمد | $0 | $0 | $0 | $15 | $30 | $40 | $50 | $50 |
| بالغ افراد کے لیے ہنگامی امداد کے کمرے میں آمد | $0 | $3 | $3 | $75 | $80 | $100 | $120 | $120 |
| بچوں یا حاملہ خواتین کے لیے ہنگامی امداد کے کمرے میں آمد | $0 | $0 | $0 | $75 | $80 | $100 | $120 | $120 |
| تشخیصی ادویاء (فی تشخیص فیس) | $2 | $2 | $2 | $6 | $10 | $14 | $18 | $18 |
| ایمبولیٹری سرجری یا MRI ٹیسٹنگ | $0 | $15 | $25 | $150 | $300 | $450 | $550 | $650 |
| اندراج کردہ مریضوں کا اسپتال میں قیام* | $0 | $25 | $25 | $150 | $400 | $900 | $1500 | $1500 |
| کو-پیز اور قابلِ کٹوتی رقوم | $0 | $0 | $0 | $0 | $10 | $12 | $18 | $22 |

ایسے مریض جن کی گھریلو آمدنی مذکورہ بالا سے زیادہ ہو، ان سے NYC Health + Hospitals کی ذاتی ادائیگی کی شرح کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔

*اگر بچتیں $8,000 سے زیادہ ہوں تو اضافی فیس عائد کی جائے گی۔